# FORMAN CHRISTIAN COLLEGE

(A Chartered University)


Dr. Charles W. Forman

# NEWSLETTER 2023-24

# خبرنامہ



# DEPARTMENT OF URDU

# شعبۂ اُردو

## IN THIS ISSUE :


- Editorial
  - Message from HOD
    - Teaching Faculty
- Responsibilities & Committees
  - Teaching & Learning Forum
    - Annual Urdu Play
- Art & Literary Circle
  - FCC Free Book Bank
    - Events
- Promotion & Achievements




## EDITORIAL TEAM


**Patron in Chief:**
Dr. Aneel Samuel, HOD (Urdu)

**Editor:**
Dr. Muhammad Zafar Iqbal

**Co-Editors:**
Ms. Hina Patrick, Mr. Johnson Rehmat, Mr. Muhammad Azeem Siddique

**Advisory Board:**
Prof. Tahir Masood, Dr. Shahida Dilawar Shah, Dr. Abida Batool

## Message from HOD
## صدرِ شعبہ کا پیغام


Dr. Aneel Samuel

Urdu is the National Language of Pakistan. It is one of the most spoken languages of the world. The asset of Urdu Language and Literature can play a vital role in development of our young generation. In this age of science and technology, Urdu Literature can help in inculcating human values in individuals from every walk of life.

Department of Urdu is continuously engaged in developing their students' interest in literature, proficiency in Urdu language, character building and outstanding success in exams.

## Editorial
## اداریہ


Dr. Muhammad Zafar Iqbal

دَورِ جدید کے بدلتے ہوئے رُجحانات اور تقاضوں کے باعث اُردو زبان و ادب کی اہمیت اور دوچند ہو گئی ہے۔ کسی بھی مُلک و قوم کی بقا اور ترقی کا راز اُس کے زبان و ادب میں پوشیدہ ہے۔ زبان و ادب ہی نئے علوم و فنون اور جدید فکر و نظر کو پروان چڑھاتا ہے۔ شعبۂ اُردو زبان و ادب کے نئے امکانات اور جدید رجحانات کو فروغ دینے کے ساتھ ساتھ نوجوان نسل کی ذہنی و فکری تعلیم و تربیت اور کردار سازی میں ہمہ وقت مصروفِ عمل ہے۔ شعبۂ اُردو جہاں طلبا کی تعلیمی میدان میں کامیابی کے حصول کے لیے کوشاں ہے، وہیں طلبا کی علمی و ادبی اور فنونِ لطیفہ سے متعلق خوابیدہ صلاحیتوں کو بھی جلا بخش رہا ہے۔

محترم قارئین! شعبۂ اُردو کے نیوز لیٹر کا شمارہ نمبر4 برائے سیشن 24-2023ء پیشِ نظر ہے۔ اِس شمارے میں شعبۂ اُردو کی تدریسی سال کے دوران ہونے والی مختلف ہم نصابی و غیر نصابی سرگرمیوں کی تصویر پیش کی جا رہی ہے۔ اُمید ہے قارئین کرام اِس کارِ آگاہی کی حوصلہ افزائی فرمائیں گے۔ میں اپنے ٹیم ممبران مِس حنا پیٹرک، محمد عظیم صدیق اور تکنیکی مہارتوں کے لیے خصوصاً جانسن رحمت کا شکر گزار ہوں۔

ڈاکٹر محمد ظفر اقبال
ایڈیٹر

## Teaching Faculty - Department of Urdu



Dr. Aneel Samuel
Head of Department
Professor



Mr. Tahir Masood
Professor



Dr. Shahida Dilawar Shah
Professor



Dr. Abida Batool
Professor



Mr. Shahzad Ansar
Assistant Professor



Ms. Misbah Kanwal
Assistant Professor



Ms. Hina Patrick
Assistant Professor



Dr. Muhammad Zafar Iqbal
Associate Professor



Mr. Muhammad Azeem Siddique
Assistant Professor



Mr. Johnson Rehmat
Assistant Professor



Ms. Sumera Kanwal
Assistant Professor



Mr. Asif Silas
Lecturer

# Responsibilities & Committees 2023-24
# Department of Urdu

**Head of Department:**
Dr. Aneel Samuel

**Coordinator:**
Ms. Misbah Kanwal

**Staff Manager:**
Mr. Asif Silas

**Stationery:**
Mr. Johnson Rehmat

**Art & Literary Circle:**
Mr. Shahzad Ansar

**Free Book Bank:**
Dr. Muhammad Zafar Iqbal
Mr. Johnson Rehmat

**Urdu Newsletter:**
Dr. Muhammad Zafar Iqbal
Mr. Johnson Rehmat
Ms. Hina Patrick
Mr. Muhammad Azeem Siddique

**Annual Urdu Play:**
Ms. Hina Patrick
Mr. Muhammad Azeem Siddique
Mr. Asif Silas

**Teaching & Learning Forum:**
Prof. Tahir Masood
Ms. Hina Patrick

**Syllabus, Test & Examination:**
Prof. Tahir Masood
Dr. Muhammad Zafar Iqbal
Mr. Johnson Rehmat

**Urdu Question Bank:**
Dr. Shahida Dilawar Shah
Mr. Shahzad Ansar
Ms. Misbah Kanwal
Mr. Muhammad Azeem Siddique
Ms. Sumera Kanwal

**College Magazine:**
Dr. Aneel Samuel
Dr. Muhammad Zafar Iqbal
Mr. Johnson Rehmat

**Event Management:**
Dr. Abida Batool
Mr. Muhammad Azeem Siddique
Ms. Sumera Kanwal

# Teaching & Learning Forum
# ٹیچنگ اینڈ لرننگ فورم

ٹیچنگ اینڈ لرننگ فورم (ٹی۔ایل۔ایف) کے زیرِ اہتمام مورخہ 8 مئی 2024ء کو سنکلئیر ہال سٹاف روم میں انٹرمیڈیٹ لیول کے اُردو نصاب پر مبنی ایک سیر حاصل ورکشاپ بعنوان ”اُردو نصابی مواد کی مؤثر تدریس کے لیے حکمتِ عملی“ کا انعقاد کیا گیا۔ بحث و مباحثہ پر مبنی یہ ورکشاپ چار حصوں پر مشتمل تھی۔ ورکشاپ کے آغاز میں پروفیسر طاہر مسعود نے 2014ء سے اب تک منعقد ہونے والی ورکشاپس کا مختصر تعارف پیش کیا۔

سب سے پہلے ماڈریٹر ڈاکٹر عابدہ بتول نے ”اُردو نصابی نثر کی مؤثر تدریس“ کے چند اہم پہلوؤں پر اظہارِ خیال کرتے ہوئے درسی کتاب کے حصّہ نثر کے کثیر الانتخابی سوالات کی نوعیت، اسباق کے خلاصہ و تشریح کی اہمیت اور طلبا کو سبق کا مکمل متن پڑھانے پر زور دیا۔ بعد ازاں شعبۂ اُردو کے اراکین نے نہایت منظم انداز میں بحث کو آگے بڑھایا۔ ”اُردو نصابی منظومات کی مؤثر تدریس“ کے موضوع پر ماڈریٹر مِس حنا پیٹرک نے تبادلۂ خیال کرتے ہوئے کہا کہ بورڈ آف انٹرمیڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن کے نتائج کو بہتر بنانے کے لیے عمدہ حکمتِ عملی درکار ہے۔ انہوں نے بورڈ کے مارکنگ کے معیار کو مدِّنظر رکھ کر طلبا کو نظموں کے خلاصے اور تشریحات کے سوالات تیار کروانے پر بھی توجہ دلائی۔ ماڈریٹر مسٹر شہزاد انصر نے ”اُردو نصابی غزل کی مؤثر تدریس“ کے موضوع پر روشنی ڈالی اور واضح کیا کہ طلبا کو غزل پڑھاتے ہوئے استاد کو شعرا کا مکمل تعارف، مجموعی خصوصیات، محرکات اور موضوعاتی اشارات کے بیان کو تدریس کا حصہ بنا کر آگے بڑھنا چاہیے۔ شعبۂ اُردو کے اساتذہ نے غزل کے اساسی نکات پر بحث میں بھرپور حصّہ لیا۔ ماڈریٹر مسٹر محمد عظیم صدیق نے ”اُردو نصابی گرامر کی مؤثر تدریس“ کے موضوع پر اظہارِ خیال کیا اور معروضی و انشائی گرامر کے اُن پہلوؤں کو اُجاگر کیا جو بورڈ کے امتحانات کی تیاری میں طلبا کے لیے مددگار ثابت ہو سکتے ہیں۔ شعبۂ اُردو کے اراکین نے اِس بحث میں بھی کُھل کر اظہارِ خیال کیا۔ صدرِ شعبۂ اُردو ڈاکٹر انیل سیموئیل نے فلسفۂ تدریس کے موضوع پر روشنی ڈالی اور واضح کیا کہ تدریس کا بنیادی مقصد طلبا کو معاشرے کا مفید رُکن اور بہترین انسان بنانا ہے۔ اُنھوں نے تمام سہولت کاران اور شعبۂ اُردو کے دیگر تمام اساتذہ کی بھرپور شمولیت اور بورڈ کے بہتر نتائج کے لیے ٹیم ورک کو منفرد انداز میں سراہا۔ آخر میں ٹی ایل ایف کے کوآرڈینیٹر پروفیسر طاہر مسعود نے تمام شرکا سے اظہارِ تشکر کیا۔

## Timeline

TLF Workshop on **Strategies for Effective Teaching of Urdu Curriculum Material**

**(for Intermediate Part- I & II Urdu Classes)**

Sinclair Staff Café, Wednesday, 8th May 2024, 9 am - 2 pm.

| Time Duration | Topic | Related Person |
|---|---|---|
| 9:15 to 9:30 am | Opening Words | Prof. Tahir Masood/TLF |
| 9:30 to 10:10 | Effective Teaching of Urdu Curriculum Prose | Moderator: Dr. Abida Batool.<br>Contributors: Urdu Faculty. |
| 10:10 to 10:50 | Effective Teaching of Urdu Curriculum Poems | Moderator: Ms. Hina Patrick.<br>Contributors: Urdu Faculty. |
| Tea Break | | |
| 11:20 to 12:00 noon | Effective Teaching of Curriculum Urdu Ghazals | Moderator: Mr. Shahzad Ansar.<br>Contributors: Urdu Faculty. |
| 12:00 to 12:40 pm | Effective Teaching of Curricular Urdu Grammar (Creative/Non-Creative) | Moderator: Mr. Muhammad Azeem Siddique.<br>Contributors: Urdu Faculty. |
| 12:40 to 1:00 | Philosophy of Education + Closing Words | Dr. Aneel Samuel. |
| Lunch | | |





Dr. Abida Batool shared her views about Effective Teaching of Urdu Prose






Ms. Hina Patrick shared her knowledge about Effective Teaching of Urdu Poems





Mr. Shahzad Ansar shared his thoughts about Effective Teaching of Urdu Ghazal





Mr. Muhammad Azeem Sidique shared his knowledge about Effective Teaching of Urdu Grammar







Dr. Aneel Samuel shared his thoughts about the Philosophy of Teaching & Education




Group Photograph of the Participants of TLF Workshop




Group Photograph of Urdu Department Faculty after the TLF Workshop


# Annual Urdu Play
# سالانہ اُردو ڈراما

یکم مارچ 2024ء کو ایف۔ سی کالج کے سنکلئیر ہال میں سالانہ اُردو ڈراما ”زیر و زبر“ سٹیج پر پیش کیا گیا۔ اِس ڈرامے میں ریکٹر جناب ڈاکٹر جوناتھن ایڈلٹن اور وائس ریکٹر کالج جناب ڈاکٹر آ ئیون سنیل کے ہمراہ دیگر مہمانانِ گرامی نے خصوصی شرکت کی۔ ”زیر و زبر“ کی ہدایت کار مِس حنا پیٹرک اور معاون ہدایت کاروں میں مسٹر محمد عظیم صدیق اور مسٹر آصف سیلاس شامل تھے۔ ڈراما ”زیر و زبر“ خواجہ معین الدین کے مشہور ڈراما ”تعلیم بالغاں“ سے ماخوذ ہے جس میں پاکستان کے تعلیمی نظام اور معاشرے کو درپیش مسائل کی عکاسی کی گئی ہے۔ اِس ڈرامے کی چند تصویری جھلکیاں پیشِ خدمت ہیں۔

















Some Glimpses of the Annual Urdu Play 2024







Some More Glimpses of the Annual Urdu Play 2024



Cast and Crew of the play with Director, Co-Directors and Make-Up Team



Cast and Crew of the play with Dr. Jonathan Addleton, Rector FCCU, Dr. Ivan Suneel, Vice Rector (College) and Dr. Lubna Amir, Coordinator (College)

# Art & Literary Circle
# حلقۂ فنون و ادب

حلقۂ فنون و ادب، کالج میں آرٹ، فنون اور ادب کی ترویج کے لیے ہمہ وقت کوشاں ہے۔ اِس کا بنیادی مقصد طلبا کی خوابیدہ صلاحیتوں کی آبیاری اور حوصلہ افزائی کرنا ہے۔ طلبا مختلف ادبی نشستوں کے ذریعے ادب پڑھنے، سمجھنے اور اُس پر گفتگو کرنے کے فن سے روشناس ہوتے ہیں۔

اس سال حلقہ فنون و ادب کی جانب سے انٹرمیڈیٹ کے طلبا کے ادبی ذوق کی تسکین اور فنی آبیاری کی غرض سے درج ذیل سر گر میوں کا انعقاد کیا گیا:

## سالِ اوّل کے طلبا کو خوش آمدید:

نئے تعلیمی سیشن 24-2023ء کے آغاز کے موقع پر حلقۂ فنون و ادب کے طلبا نے دیگر سوسائٹیز کے ساتھ مل کر آنے والے نئے طلبا کو انتہائی گرم جوشی سے خوش آمدید کہا۔ اس خاص موقع پر حلقۂ فنون و ادب کی جانب سے طلبا کو خوش آمدید کہنے کے لیے گٹار اور دیگر آلاتِ موسیقی پر مختلف گیت، اقوالِ زریں پر مشتمل کارڈز اور سوینئیرز پیش کیے گئے۔ سالِ اوّل کے طلبا کے کالج میں پہلے دن کو یادگار بنانے کے لیے ”فوٹو بوتھ“ کا بھی اہتمام کیا گیا۔ اِس موقع پر فوٹو گرافی کی ذمہ داری بھی حلقۂ فنون و ادب کے میڈیا سیل نے سر انجام دی۔






Students of 2nd Year are welcoming the 1st Year Students with Photo Booth

## مقابلۂ مصوّری میں شمولیت:

حلقۂ فنون و ادب کے آرٹ کوارڈینیٹر عالیان فرحان نے الحمرا آرٹ کونسل کے زیر اہتمام منعقدہ ”مقابلۂ مصوری“ میں حصہ لیا اور حوصلہ افزائی کا انعام حاصل کیا۔ یہ مقابلہ ان مقابلہ جات کا حصہ تھا جو وزیرِاعلٰی پنجاب کے "ٹیلنٹ ہنٹ پروگرام "کے زیر اہتمام منعقد کیے گئے۔ اس کے علاوہ چاند باغ سکول مرید کے میں منعقدہ مقابلۂ مصوّری میں بھی شرکت کی ۔ یہ ایک اچھا تجربہ تھا۔





ALC Coordinator of Art, Aaliyan Farhan is presenting his Art Work

## اساتذہ کا عالمی دن:

اساتذہ کرام کی خدمات اور ہماری زندگی میں ان کے کلیدی کردار کو خراجِ تحسین پیش کرنے کے لیے ہر سال کی طرح امسال بھی حلقۂ فنون و ادب کے طلبا نے اساتذہ کے لیے ایک سرگرمی کا اہتمام کیا۔ اساتذہ کرام کے دفاتر میں جا کر ان کو چاکلیٹس، سوینیرز اور پھول پیش کیے گئے اور ان کے لیے اظہارِ تشکّر کے کلمات ادا کیے گئے۔





ALC students are wishing the Teacher’s Day to the Faculty in their Offices

## Scinovation 2.0
## سائنس میلہ:

کالج کے سالانہ سائنس میلے ”سائنو ویشن 2.0“ میں دیگر سوسائٹیز کے سائنسی ماڈلز اور سٹالز کے ہمراہ حلقۂ فنون و ادب کے طلبا نے ادبی شمولیت کو ممکن بنایا۔ طلبا نے آرٹ، فن اور موسیقی سے متعلق سٹالز پر مختلف گیت لائیو گا کر حاضرین کو محظوظ کیا۔ حلقۂ فنون و ادب کے نائب صدر دایان اور ان کے ساتھیوں نے حاضرین سے اُردو ادب کے متعلق مختلف سوالات پوچھے اور مختلف علمی و ادبی شخصیات اور فن پاروں کے متعلق معلومات بہم پہنچائیں۔ نفسیات اور فلسفہ کے مختلف نظریات کو حاضرین تک پہنچانے کے لیے اُنھیں تصویری صورت میں آویزاں کیا گیا۔ وائس ریکٹر کالج جناب ڈاکٹر آئیون سنیل، کالج کوآرڈینیٹر ڈاکٹر لبنٰی عامر، صدر شعبۂ اُردو ڈاکٹر انیل سیموئیل اور دیگر مہمانانِ گرامی نے بھر پور شرکت کی اور طلبا کی کوششوں اور ایڈوائزر حلقہ فنون و ادب، مسٹر شہزاد انصر کی کاوشوں کو سراہا۔










Some Glimpses of ALC participation in Scinovation 2.0

# FCC Free Book Bank

# ایف سی سی فری بک بینک

قوموں کی زندگی میں کتاب کو بہت اہمیت حاصل ہے۔ کتاب ہی حصولِ علم اور تعلیم و تربیت کا بنیادی ذریعہ ہے۔ کتاب کی اِسی اہمیت کو پیشِ نظر رکھتے ہوئے شعبۂ اُردو 2012ء سے کالج میں ایف سی سی فری بک بینک کے ذریعے خدمت سر انجام دے رہا ہے۔ ایف سی سی فری بک بینک کالج موٹو "By Love, Serve One Another" پر عمل کرتے ہوئے مستحق اور ضرورت مند طلبا کو مفت نصابی کتابیں فراہم کرنے میں ہمہ وقت مصروفِ عمل ہے۔ اِس فریضے کی انجام دہی کے لیے کتابیں اور عطیات اکٹھے کیے جاتے ہیں۔ ان عطیات سے نئی نصابی کتب خرید کر سالِ اوّل اور سالِ دوم کے ضرورت مند طلبا میں تقسیم کی جاتی ہیں۔ رواں برس 24-2023ء میں کم و بیش 315 نئی اور استعمال شدہ کتابیں طلبا میں تقسیم کی گئیں تاکہ طلبا بغیر کسی رکاوٹ کے محنت اور لگن سے اپنا تعلیمی سفر جاری رکھ سکیں۔





Dr. Muhammad Zafar Iqbal (General Secretary) and Mr. Johnson Rehmat (In-charge Buying & Issuing) with Dr. Aneel Samuel (HOD Urdu)



# Events
# تقریبات

## Christmas Day
## کرسمس ڈے:






Christmas Celebration with Department of Urdu

## Birthdays
## سال گرہ:







Some Glimpses of Birthday Celebrations

# Promotions & Achievements

# ترقی و کامرانی



شعبۂ اُردو سے وابستہ ڈاکٹر محمد ظفر اقبال کو اُن کی تدریسی خدمات کے اعتراف میں اسسٹنٹ پروفیسر سے ایسوسی ایٹ پروفیسر کے عہدے پر ترقی دی گئی۔



شعبۂ اُردو سے وابستہ مِس سمیرا کنول کو اُن کی تدریسی خدمات کے اعتراف میں لیکچرار سے اسسٹنٹ پروفیسر کے عہدے پر ترقی دی گئی۔

